فیصلوں پر بحثیں اور تحریک آزادئ کشمیر اور جماعتِ اسلامی اور ایسے بھارتی مسلمانوں پر جو بھارتی پالیسی لائن کا ساتھ نہ دیں، جو مظالم ہو رہے ہیں ان کی تفاصیل - نیز باہر سے ہندوؤں کی آبادی داخل کر کے کشمیر میں مسلمانوں کی اکثریت ختم کرنے کے پروگرام کے خلاف احتجاج! بعض ضروری تصاویر بھی شامل کی جاتی ہیں۔

تعلیم القرآن | مرتبہ: صابر قرنی صاحب - ناشر: حسنات اکیڈیمی - ۱۹ اسی - منصورہ ملتان روڈ - لاہور - بڑے سائز کے صفحات: ۱۴۰ - قیمت: ۱۵/- روپے -

یوں تو شروع ہی سے صابر قرنی صاحب اپنے دماغ اور قلم سے دین کی خدمت کرنے میں برابر مصروف رہے ہیں - لیکن ادھر کچھ عرصہ سے وہ فہم قرآن کو عوام اور بچوں اور خواتین کے لیے زیادہ آسان بنانے کے لیے مسلسل کاوش و محنت کر رہے ہیں - اِس کوشش کے اثرات "الحسنات" میں بھی سامنے آتے رہے - مگر اب تعلیم القرآن کا ایک پارہ مکمل ہو کر کتابی شکل میں آگیا ہے۔

مولوی فتح محمد جالندھری مرحوم کے مستند ترجمے کے ساتھ ہر آیت کے ایک ایک جزوِ کلام کو الگ الگ خانوں میں درج کر کے ان کے نیچے لفظ بہ لفظ ترجمہ درج کیا گیا ہے - تاکہ ہر پڑھنے والا یہ اندازہ خود قائم کر سکے کہ اللہ کیا فرما رہا ہے - الفاظ میں بکھرے ہوئے یہ مطالب مولانا جالندھری کے ترجمہ مسلسل کی شکل اختیار کر لیتے ہیں - اس بامحاورہ ترجمہ سے لطفِ کلام حاصل ہوتا ہے - خاص خاص مطالب یا وضاحتیں دائیں بائیں حواشی میں پیش کی گئی ہیں - افعال، اسماء اور حروف کی سادہ اور آسان گرامر ہر صفحے کے نیچے درج ہیں - شروع میں چند آسان قواعد عربی پیش کیئے گئے ہیں - اور آخر میں پارہ اوّل کے تمام الفاظ یا کلموں کا لغت ہے، جس میں لفظ کے معنی کے ساتھ قواعد کے لحاظ سے اس کی حیثیت بیان کی گئی ہے - سورۂ فاتحہ کے خاتمہ پر اس کی تعلیمات کا خلاصہ درج ہے - اور شاید آئندہ ہر سورہ کا خلاصہ اسی طرح دیا جائے گا۔

صابر قرنی صاحب کی اس مبارک کاوش کو خدا قبولیت عطا فرمائے۔